سوال

(18) کھانا کھانے کے بعد پانی پینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کھانا کھانے کے بعد پانی پینا سنت ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پانی انسانی زندگی کا خلاصہ ہے، اللہ نے انسان کو ماء دافق سے پیدا کیا ہے، اس کے بغیر انسان زندہ نہیں رہ سکتا۔

جب بھی ضرورت محسوس ہو آدمی پانی پی سکتا ہے۔ شرعی طور پر اس کی کوئی ممانعت نہیں ہے۔ کھانا کھانے کے بعد پانی پینا سنت ہے، اس حوالے سے کوئی روایت میرے علم میں نہیں آئی۔ یہ آپ کی ضرورت پر منحصر ہے، اگر آپ ضرورت محسوس کرتے ہیں تو پانی پی لیں اور اگر ضرورت محسوس نہیں کرتے تو نہ پیئیں۔ اور کھانا کھانے کے فورا بعد پانی پینا طبی اعتبار سے نقصان دہ ہے۔ کیونکہ اس سے نظام انہضام میں خرابی پیدا ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

[کتاب الصلاۃ جلد 1]